GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

رائے عامہ سروے

# ہسٹری پولز

## وہ جوابدہندگان جن کے مطابق فریزڈ کھانوں سے پرہیز کرنا چاہیے کی شرح 2006 میں 47% تھی جو بڑھ کر 2022 میں 56% ہو گئی، یہ اس بات کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ فریزڈ کھانوں سے پرہیز کرنے والوں کی شرح میں 9% کا اضافہ ہوا ہے۔ فریزڈ کھانا صحیح ہے یا نہیں کے حوالے سے غیر واضح رائے رکھنے والوں کی شرح میں کمی نمایاں طور پر فیصلے کرنے کی صلاحیت رکھنے والے صارفین کی شرح میں اضافے کی نشاندہی کرتی ہے۔

(گیلپ اور گیلانی پاکستان ہسٹری پروجیکٹ)۔

(اسلام آباد)، 26 جولائی، 2022


سال 2006 میں کئے گئے گیلپ اینڈ گیلانی پاکستان نیشنل سروے میں پاکستان بھر سے شماریاتی طور پر منتخب بالغ خواتین و حضرات سے مندرجہ ذیل سوال پوچھا گیا تھا کہ " **بعض لوگوں کا خیال ہے کہ ہمیشہ تازہ غذا کھانی چاہیے اور فریزڈ غذا سے پرہیز کرنا چاہیے، جبکہ بعض کا خیال ہے کہ فریزڈ چیزیں کھانے میں کوئی حرج نہیں۔ آپ کے خیال میں فریزڈ چیزیں کھانا صحیح ہے یا نہیں؟**"۔ اس سوال کے جواب میں، 42% جوابدہندگان کا کہنا تھا کہ فریزڈ چیزیں کھانا صحیح ہے، 47% جوابدہندگان کا کہنا تھا فریزڈ چیزیں کھانا صحیح نہیں ہے، جبکہ 11% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا تھا۔

**نتائج کا موازنہ:** یہ سوال 2022 میں دوبارہ پوچھا گیا تاکہ گزشتہ سالوں کے نتائج سے موازنہ کیا جا سکے۔ 2022 میں اس سوال کے جواب میں، 39% جوابدہندگان کے مطابق فریزڈ چیزیں کھانا صحیح ہے، 56% جوابدہندگان کے مطابق فریزڈ چیزیں کھانا صحیح نہیں ہے، جبکہ 5% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا تھا۔

**گزشتہ سالوں کے نتائج کا موازنہ:** وہ جوابدہندگان جن کے مطابق فریزڈ کھانوں سے پرہیز کرنا چاہیے کی شرح 2006 میں 47% تھی جو بڑھ کر 2022 میں 56% ہو گئی، یہ اس بات کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ فریزڈ کھانوں سے پرہیز کرنے والوں کی شرح میں 9% کا اضافہ ہوا ہے، فریزڈ کھانا صحیح ہے یا نہیں کے حوالے سے غیر واضح رائے رکھنے والوں کی شرح میں کمی نمایاں طور پر فیصلے کرنے کی صلاحیت رکھنے والے صارفین کی شرح میں اضافے کی نشاندہی کرتی ہے۔

اس پریس ریلیز کو گیلپ پاکستان کے تاریخی پراجیکٹ کے حصّے کے طور پر تشکیل دیا گیا ہے جس کا مقصد تاریخی تجرباتی اعداد و شمار کو وسیع تر سامعین تک پہنچانا ہے۔ مزید یہ کہ اس کا مقصد پاکستان میں عملی طور پر کی جانے والی فیصلہ سازی کو برقرار رکھنا اور اس کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔

**" بعض لوگوں کا خیال ہے کہ ہمیشہ تازہ غذا کھانی چاہیے اور فریزڈ غذا سے پرہیز کرنا چاہیے، جبکہ بعض کا خیال ہے کہ فریزڈ چیزیں کھانے میں کوئی حرج نہیں۔ آپ کے خیال میں فریزڈ چیزیں کھانا صحیح ہے یا نہیں؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## گیلپ پاکستان ہسٹری پروجیکٹ کا مقصد اور وجوہات:

بلال آئی گیلانی جو گیلپ پاکستان میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور گیلپ پاکستان ہسٹری پروجیکٹ کے ڈائریکٹر ہیں، اس پروجیکٹ کے مقصد کی وضاحت اس طرح کرتے ہیں: "گیلپ پاکستان 1979 (گذشتہ 40 سال) سے پاکستان میں سروے کر رہا ہے۔ اُس وقت سے لیکر گیلپ کے ہزاروں انٹرویورز نے اب تک لاکھوں کے قریب جوابدہندگان سے سروے کیے ہیں۔ 2014 میں، گیلپ پاکستان نے اپنے ماضی سے تعلق رکھنے والے اعداد وشمار نشر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کے تاریخی پروجیکٹ کا حصہ ہے۔ یہ تمام کوشش اُن افراد کے لیے وقف کی گئی ہیں جو پاکستان کے مسائل کو عملی طور پر سمجھنا چاہتے ہیں"۔ گیلپ پاکستان کے تاریخی پروجیکٹ کی مزید معلومات کے لیے، رابطہ کریں caf@gallup.com.pk

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, July 26, 2022**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:** Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2022

celebrating 41 42 of Gallup Pakistan (1980-2022)